PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ: 13نومبر 2023

ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسرز/ ریٹرننگ آفیسرز کی تعیناتی کے حوالے سے میڈیا میں چلنے والی تمام خبریں بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہے۔میڈیا نے ریٹائرڈ آفیسرز کی بطور ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسرز/ ریٹرننگ آفیسرز کے طور پر تعیناتی کی گمراہ کن خبریں چلائیں۔کمیشن نے ابھی تک اس قسم کا کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ الیکشن کمیشن ایسی تمام بے بنیاد خبروں کی مکمل تردید کرتا ہے۔الیکشن کمیشن نے بارہا صوبائی الیکشن کمشنرز کو ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر/ ریٹرننگ آفیسرز کی تعیناتی کے لئے فہرستوں کے لئے مراسلے لکھے تاکہ Updated فہرستیں تیار کی جائیں ۔یہ ایک جاری عمل ھے جس میں الیکشن کمیشن صاف ،شفاف اور غیر جانبدارانہ عام انتخابات کو یقینی بنانے کے لیے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسرز اور ریٹرننگ آفیسرزکی تعیناتی کو انتہائی اہم سمجھتا ھے اور تعیناتی کو مختلف زاویوں سے دیکھا جارہا ھے تا کہ عام انتخابات غیر جانبدارانہ اور شفاف ہوں۔الیکشن کمیشن اپنی تمام آئینی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے ۔

ترجمان الیکشن کمیشن

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections

MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING